| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: اذان |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان لیں کہ اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ اذان کی آڈیو

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو اذان کی آڈیو سنائیں طلبہ سے پوچھیں کیا انھوں نے پہلے یہ کلمات سنے ہیں؟ ان کلمات کو کیا کہتے ہیں؟ طلبہ کو سوچنے کا موقع دیں اور ان کے جوابات غور سے سنیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ ابھی جو کلمات انھوں نے سنے ہیں انھیں اذان کہتے ہیں۔ تختہ تحریر پر اذان کے لفظی معنیٰ 'بلانا یا اعلان کرنا' خوش خط لکھیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 19 کی سطریں (اذان کے معنی ـــــ غرض سے ادا کیے جاتے ہیں) پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ سے اذان کے متعلق گفتگو کیجیے جیسے اذان کن الفاظ سے شروع ہوتی ہے؟ دن میں کتنی بار اذان دی جاتی ہے؟ طلبہ کو بولنے کا موقع دیں اور جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اذان کے معنیٰ "بُلانا یا اعلان کرنا" کے ہیں یہ وہ کلمات ہیں جو ہر نماز سے پہلے باآواز بلند کہے جاتے ہیں۔
- طلبہ کو اذان کی ابتدا کے بارے میں بتائیں۔ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمان جب مدینہ آئے تو وقت کا اندازہ کر کے جمع ہو کر نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔ لیکن جب مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہوا تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین سے مشورہ کیا کہ نماز کے اعلان

کے لیے کوئی ایسی چیز متعین کی جانی چاہیے کہ تمام مسلمانوں کو نماز کی اطلاع ہو جائے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین نے مشورہ دیا کہ اطلاع نماز کے لیے مسیحیوں کی طرح ناقوس بجالیا کریں یا یہودیوں کی طرح نرسنگا۔ تو سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مشورہ دیا کہ ایک آدمی کو مقرر کر دیا جائے جو لوگوں کو نماز کے لیے مطلع کر دیا کرے اس پر حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا کہ اے بلال! اٹھو اور نماز کے لیے اعلان کرو۔

- طلبہ کو بتائیں کہ اس وقت سے دینِ اسلام میں نماز کے لیے اذان دی جانے لگی۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اعلان | اِع۔لان | ظاہر کرنا |
| کلمات | کَ۔لِ۔مات | کلمہ کی جمع، وہ بامعنی الفاظ جو آدمی کے منہ سے نکلیں |
| غرض | غَ۔رَض | مطلب |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق میں دیے گئے جزو (1) کے پہلے دو سوالات کے جواب تختہ تحریر پر لکھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ان جوابات کو کاپیوں پر اتاریں اور یاد کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

کی مدد سے درج ذیل سوال کا جواب لکھیں۔

ا۔ دینِ اسلام کے پہلے موذّن کا نام لکھیں۔

____________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات وعبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: اذان |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان لیں کہ اذان نماز کے لیے پُکار کا نام ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں کہ:

(الف) اذان کسے کہتے ہیں؟

(ب) اذان کے معنیٰ کیا ہیں؟

طلبہ کو بتائیں کہ اذان کے ذریعے لوگوں کو بتایا جاتا ہے کہ نماز کا وقت ہو چکا ہے۔ الغرض لوگوں کو نماز کی طرف بلانے کے لیے اذان دی جاتی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 19 کی سطریں (اذان دینے سے پہلے ۔۔۔۔ مؤذّن کہتے ہیں) تک پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جب نماز کا وقت ہو جاتا ہے تو باوضو ہو کر خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے عربی کلمات بلند آواز میں ادا کیے جاتے ہیں۔ ان کلمات کو اذان کہتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اذان سنتے ہی تمام مسلمان نماز کی تیاری کرتے ہیں مرد مسجدوں میں اور عورتیں گھروں میں نماز کا اہتمام کرتی ہیں۔
- طلبہ کو سمجھائیں کہ اذان میں اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کی جاتی ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کے وحدہٗ لاشریک ہونے اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رسالت کی گواہی دی جاتی ہے۔ اذان میں لوگوں کو فلاح اور

کام یابی یعنی نماز کی طرف بلایا جاتا ہے۔

- مختصر یہ کہ اذان اسلام کی شان و شوکت کا بہترین عملی مظاہرہ ہے جسکی مثال کہیں نہیں ملتی۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اذان دینے والے کو موؤذّن کہتے ہیں۔ موؤذِّن کا مقام اور مرتبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بلند ہے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ "موؤذِّن کی انتہائی آواز کو جو بھی سنتا ہے خواہ انسان ہو یا جن یا اور کوئی بھی چیز ہو تو وہ سب قیامت کے دِن اس کے ایمان کی گواہی دیں گے۔ (صحیح بخاری)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| توحید | تَو۔حِید | اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا |
| بڑائی | بَ۔ڑا۔اِی | عظمت، بزرگی |
| گواہی | گ۔وا۔ہی | شہادت |
| رسالت | رِ۔سا۔لت | اللہ تعالیٰ کے احکام بندوں تک پہنچانے کا عمل |

**اعادہ:** 2منٹ

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق میں دیے گئے جزو(1) کے سوال(۳)اور(۴) کے جوابات تختہ تحریر پر لکھیں۔ اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ان جوابات کو لکھیں اور یاد کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

طلبہ پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

آپ دن اور رات میں کتنی بار مسجد سے اذان کی آواز سنتے ہیں؟ جواب اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ________ | مضمون: اسلامیات | سبق: اذان |
|---|---|---|

**سوال 1:** **درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

ا۔ مسجد سے دن میں اذان دی جاتی ہے:

(الف) چار بار (ب) پانچ بار (ج) چھے بار

۲۔ اذان کا مطلب ہے:

(الف) بات کرنا (ب) اعلان کرنا (ج) سجدہ کرنا

۳۔ اذان دینے والے کو کہتے ہیں:

(الف) موذّن (ب) امام (ج) طالب علم

۴۔ اذان سنتے ہی سب مسلمان تیاری کرتے ہیں:

(الف) نماز کی (ب) کھانے کی (ج) سونے کی

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:اوّل | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:9 تیسرا دن | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: اذان | باب دوم: ایمانیات وعبادات (ب)عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان لیں کہ اذان نماز کے لیے پُکار کا نام ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ اذان کا چارٹ تختہ تحریر پر چسپاں کریں طلبہ سے کہیں کہ اذان کے کلمات کو درست تلفّظ سے پڑھیں انھیں بتائیں کہ اذان میں موجود ہر کلمہ کتنی بار دہرایا جاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 19 تا 20 کی سطریں (جب اذان شروع ہو تو۔۔۔۔۔۔۔اضافہ کیا جاتا ہے۔) پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں اذان اسلام کی اہم ترین عبادت نماز کا اعلان ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی بڑائی، وحدانیت اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّم کی رسالت کی گواہی دی جاتی ہے۔
- طلبہ کو آگاہ کریں جس طرح اذان دینے کے آداب ہیں اسی طرح اذان سننے کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں جن کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ جیسے:
  - اذان شروع ہوتے ہی تمام کام روک دیں۔
  - اذان کو خاموشی سے باادب ہو کر سنا جائے۔
  - اذان سن کر اس کا جواب دیا جائے یعنی اس کے کلمات کو دُہرایا جائے۔
  - طلبہ کو حدیث کی روشنی میں واضح کریں۔

- حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا جب مؤذّن کہے (اللہ اکبر اللہ اکبر) اور اس کے جواب میں تم سے کوئی کہے (اللہ اکبر اللہ اکبر) پھر مؤذّن کہے (اشھدان الا الہ الا اللہ) اور وہ جواب دینے والا جواب میں (اشھدان الا الہ الا اللہ) کہے پھر مؤذّن کہے (اشھدان محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ) اور پھر جواب دینے والا بھی یہی جواب دے پھر جب مؤذِّن (حی علی الصلوٰۃ) کہے تو جواب دینے والا (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) کہے۔ پھر مؤذِّن کہے (حی علی الفلاح) اور جواب دینے والا (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) کہے۔ پھر مؤذِّن کہے (اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ) اور جواب دینے والا بھی یہی کلمات دہرائے تو ایسا شخص جنّت میں داخل ہو گا۔ (صحیح مسلم)
- اسی طرح حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ جو شخص مؤذِّن کی اذان سن کر قوت (یعنی جب وہ اذان پڑھ کر فارغ ہو جائے) کہے کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ حضرت محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں اور میں راضی ہوں اللہ کو رب مان کر اور حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو رسول مان کر اور اسلام کو دینِ حق مان کر، تو اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ (صحیح بخاری)
- طلبہ کو بتائیں کہ اذان کا احترام کرنا ہم سب پر فرض ہے اور ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگی میں اذان کے احترام کی عادت اپنائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| احترام | اَح۔ تے۔ رام | عزّت |
| عادت | عا۔ دَت | طبیعت |
| فوراً | فو۔ رَن | اِسی وقت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کے جزو (2) کو کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں مسجد سے ہونے والی اذان غور سے سنیں اور ساتھ ساتھ کلمات کو دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اذان کے کلمات زبانی یاد کریں اور کمرا جماعت میں دوسرے بچوں کے سامنے اذان دینے کی عملی مشق کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**________ | **مضمون:اسلامیات** | **سبق:اذان** |

اذان سُننے کے آداب لکھیں۔